سوال

میں چھبیس سالہ نوجوان ہوں اورایک اچھے گھرانے کی لڑکی سے تعارف ہوا ہے میری خواہش ہے کہ میں اس سے منگنی کرلوں لیکن مشکل یہ ہے کہ لڑکی ابھی تک چھوٹی اوراس کی عمر صرف تیرہ برس ہے ، توکیا اخلاقی طور پر اس کے بارہ میں سوچا جاسکتا اوراس سے شادی کی جاسکتی ہے ؟ اورکیا دینی اور معاشرتی اورقانونی طورپر ہماری عمر کا فرق قابل قبول ہوگا ؟ فرض کریں اگرشادی ہوجاتی ہے تویہاں ایک اورسوال پیدا ہوتا ہے کہ کنواری لڑکی سے توشادی پراس کی رضامندی حاصل کی جاتی ہے لیکن کیا ایک تیرہ برس کی لڑکی ایسا فیصلہ کرنے پر قادر ہوگی ، اورکیا اسلام اس طرح کی شادی کی اجازت دیتا ہے ؟

جواب

الحمد للہ

آپ کے مابین عمر کے اس فرق کے باوجود اس لڑکی سے شادی میں کوئی حرج نہیں ، اہم چیز یہ ہے کہ وہ لڑکی دین والی اوراچھے اخلاق کی مالک ہونی چاہیے ، نکاح کے معاملہ میں یہی چیز مطلوب ہے اور شریعت بھی اسی کا حکم دیتی ہے اوراسی سے رضامندی و موافقت اوران شاء اللہ سعادت مندی کا حصول بھی ہوگا ۔

چھوٹی بچی سے شادی کی صحت پر اللہ تعالی کا مندرجہ ذیل فرمان دلالت کرتا ہے :

فرمان باری تعالی ہے :

اور تمہاری عورتوں میں سے وہ عورتیں جو حیض سے ناامید ہوچکی ہیں ، اگر تمہیں شبہ ہو توان کی عدت تین مہینے ہے ، اوران کی بھی جنہیں ابھی حیض آنا شروع بھی نہیں ہوا ، اور حاملہ عورتوں کی عدت وضع حمل ہے الطلاق (4) ۔

اللہ تعالی نے جنہیں کم عمری کی بنا پر حیض نہیں آیا ان کی عدت تین ماہ مقرر کی ہے ، اوریہ تو معلوم ہی ہے کہ عدت تونکاح کے بعد طلاق کی وجہ سے ہوتی ہے ، جو اس بات کی دلیل ہے کہ اس کی شادی بھی ہوسکتی ہے اور پھر اسے طلاق بھی دی جاسکتی ہے ۔

اور نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے چھ برس کی عمر میں شادی کی تھی اورجب نوبرس کی ہوئيں توان کی رخصتی ہوئی تھی ، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت پچاس برس سے تجاوز کرچکے تھے ۔

امام بخاری اورامام مسلم رحمہما اللہ تعالی نے عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے بیان کیا ہے وہ کہتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے ساتھ چھ برس کی عمر میں شادی کی اوراورمجھ سے نوبرس کی عمر میں بنا کی ۔ صحیح بخاری حدیث نمبر (3894) صحیح مسلم حدیث نمبر (1422) ۔

اورجس لڑکی کی عمر تیرہ برس ہو اس بات احتمال ہے کہ وہ تو بالغ بھی ہوچکی ہو ، توجب وہ بالغ ہے پھر علماء کرام کا صحیح قول یہی ہے کہ شادی میں اس کی رضامندی شرط ہوگی ، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

ابوھریرہ رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

(شادی شدہ عورت کا نکاح اس کے مشورہ کے بغیر نہیں کیا جاسکتا ، اور کنواری لڑکی کا نکاح اس کی اجازت کے بغیر نہیں ہوگا ، صحابہ نے عرض کی اے اللہ تعالی کے رسول صلی

اللہ علیہ وسلم اس کی اجازت کیسے ؟

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ خاموشی اختیار کرلے تو (یہ اس کی اجازت ہے)) صحیح بخاری حدیث نمبر (5136) صحیح مسلم حدیث نمبر (1419)۔

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر (22760) کے جواب کا بھی مطالعہ کریں۔

اوراگر وہ لڑکی بالغ نہیں ہوئی تو پھر اس کے والد کو یہ خصوصیت حاصل ہے کہ وہ اس کی شادی کردے اوراس کے لیے اس کی اجازت حاصل کرنی لازم نہیں ہوگی۔

ابن قدامہ رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

چھوٹی کنواری بچی کے بارہ میں کوئی اختلاف نہیں (یعنی اس کا والداس کی شادی کرے گا چاہے وہ ناپسند ہی کرتی رہے)

ابن المنذر رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

اہل علم میں سے جن سے بھی ہم نے علم حاصل کیا ہے اس بات پر متفق ہیں اوران کا اجماع ہے کہ چھوٹی کنواری بچی کا نکاح اس کے والد کے جائز ہے، اورجب والد اپنی چھوٹی بچی کی اس کے کفو اورمناسب لڑکے سے شادی کردے تو بچی کی ناپسندیدگی اورنہ کرنے کے باوجود والد کے لیے اس کی شادی کرنا جائز ہے۔ دیکھیں المغنی لابن قدامہ المقدسی (9/398)۔

لیکن امام احمد سے یہ بیان کیا گیا ہے کہ جولڑکی نوبرس کی ہوجائے تووہ بالغ لڑکی کے حکم میں ہوگی اوراس کی اجازت حاصل کرنی واجب ہے، تواس لیے اگروالد احتیاط کرے اوراس کی اجازت حاصل کرلے تو یہ بہتر اوراچھا ہوگا۔ دیکھیں المغنی (8/398-405)۔

واللہ اعلم.

اسلام سوال وجواب

27305